سوال

Biwisehumbistarikibatainmobileperkerna

جواب

موبائل پر بیوی سے ہمبستری کی باتیں کرنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں ملک سے باہر رہتا ہوں ، اور اپنی بیوی کے ساتھ موبائل یا سکائپ پر ہمبستری کی باتیں کرتا ہوں ، کیا یہ جائز ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ ، أما بعد ! آپ کے لئے بیوی سے ہمبستری کی باتوں سمیت کسی بھی قسم کا فائدہ اٹھانا جائز ہے ، کیونکہ جب آپ کے لئے ہمبستری کرنا شرعا جائز اور ثواب کا کام ہے تو پھر ہمبستری کے بارے میں باتیں کرنا کیسے ناجائز ہو سکتا ہے ۔ بیوی کے ساتھ یہ سب باتیں کرنا درست ہے ، لیکن کسی غیر محرم کے ساتھ ناجائز اور حرام ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی